03.08.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

-------------------------------

-1 وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں زرعی ماہرینِ اقتصادیات کی 32ویں بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں اناج کا فاضل ذخیرہ موجود ہے اور وہ دنیا بھر میں اناج کی یقینی فراہمی کیلئے کام کررہا ہے۔

-2 کیرالہ میں وائناڑ میں مٹی کے تودے گرنے سے متاثرہ علاقوں میں پانچویں دن بھی تلاش کا کام جاری ہے۔ فوج ملبے میں اور زیادہ گہرائی سے تلاش کا کام شروع کرے گی۔

-3 بنگلہ دیش میں کوٹے کے خلاف احتجاج کرنے والوں نے اپنے 9 نکاتی مطالبے پر زور دینے کیلئے کل سے ملک بھر میں عدم تعاون کی تحریک شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

-4 امریکہ نے مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران اپنی فوجی موجودگی بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔

-5 اور پیرس اولمپکس کھیلوں میں منو بھاکر 25 میٹر خواتین کے پستول مقابلے میں چوتھے نمبر پر رہیں۔ آج ہندوستانی کھلاڑی تیر اندازی ، مکّے بازی ، کشتی رانی اور گولف میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-Economist**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں اناج کا فاضل ذخیرہ موجود ہے اور وہ دنیا بھر میں اناج اور تغذیہ بخش خوراک کو یقینی بنا رہا ہے۔ انہوں نے آج نئی دلّی میں زرعی ماہرینِ اقتصادیات کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب مودی نے کہا کہ سرکار اصلاحات اور اقدامات کی مدد سے زرعی شعبے کو مستحکم کررہی ہے ۔ اِن اقدامات اور اصلاحات کا مقصد کسانوں کی زندگیوں میں بہتری لانا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ زراعت سرکار کی اقتصادی پالیسی کا مرکز ہے۔ انہوں نے اس طرف بھی توجہ دلائی کہ بھارت میں سب سے زیادہ موٹے اناج ، دودھ ، مسالحوں اور دالوں کی پیداوار ہوتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت کیمیا سے مبرا نامیاتی کھیتی کو بڑھاوا دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2024-25 کے مرکزی بجٹ میں زراعت کی مسلسل ترقی پر کافی توجہ دی گئی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سرکار نے پچھلے 10 سال کے دوران آب و ہوا کے متحمل مختلف فصلوں کی ایک ہزار 900 نئی اقسام مہیا کی ہیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا

کہ بھارت زرعی شعبے میں ڈجیٹل ٹیکنا لوجی استعمال کررہا ہے اور پی ایم کسان سمّان نِدھی کے تحت 10 کروڑ سے زیادہ کسانوں کے کھاتوں میں رقم منتقل کی گئی ہے۔ وزیر اعظم نے اس طرف بھی توجہ دلائی کہ زرعی تعلیم کیلئے ملک میں 500 سے زیادہ کالج اور 700 سے زیادہ کرشی وگیان کیندر ہیں ، جو کسانوں کو ٹیکنالوجی کے بارے میں جانکاری فراہم کررہے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ گذشتہ دس برسوں میں 90 لاکھ ہیکٹیئر سے زیادہ اراضی میں آبپاشی کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس بین الاقوامی کانفرنس میں لگ بھگ 75 ملکوں کے تقریباً ایک ہزار مندوبین شرکت کررہے ہیں۔

**Kerala Wayanad**

کیرالہ میں مٹی کے تودے گرنے کے واقعات سے متاثر وائناڑ ضلعے کے علاقوں میں انسانی بنیادوں پر امداد کا سلسلہ جاری ہے اور فوج کے جوان بھی راحت کا کام انجام دے رہے ہیں۔ فوج ، NDRF اور دوسری ایجنسیوں کے امدادی کارکن متاثرہ علاقے میں اپنا کام انجام دے رہے ہیں تاکہ مزید لاشوں کو تلاش کیا جاسکے۔ ریاستی سرکار کی درخواست پر فوج Xaver Radar اور چار Recco Radar وہاں لا رہی ہے تاکہ ملبے کے اندر اور زیادہ اچھی طرح تلاش کا کام کیا جاسکے۔ خبروں کے مطابق ملبے سے لاشیں نکالنے اور ضروری خدمات کی بحالی کیلئے آج راحتی کوششیں کی جارہی ہیں۔

**Kerala Arrest**

کیرالہ میں ریاستی پولیس کے انسدادِ دہشت گردی دستے نے کل الپوزہ ضلع میں Mararikulam علاقے سے ماؤنواز لیڈر CP Moideen کو گرفتار کرلیا۔اسے کولّم سے تھیریشور جارہی ریاستی سڑک ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی بس میں سفر کرتے وقت گرفتار کیا گیاMoideen، 36 معاملات میں ملزم ہے۔ وہ 2014 سے فرار تھا۔

**Rev. SC-Lok Adalat**

آج خصوصی لوک عدالت کا آخری دن ہے، جس کا اہتمام سپریم کورٹ نے کیا ہے۔خصوصی لوک عدالت انعقاد کا مقصد لوگوں کو جلد از جلد اور نہایت آسان طریقے پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ سپریم کورٹ نے عدالتِ عالیہ کے 75 سال پورے ہونے کے موقع پر ، اِس عدالت کا قیام کیا تھا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے قانون اور انصاف کے محکمے کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ لوک عدالت میں ایک ہزار سے زیادہ معاملات نمٹائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ازدواجی زندگی ، حصول اراضی اور دیوانی معاملات لوک عدالت میں نمٹائے گئے ہیں۔ جناب میگھوال نے کہا کہ ثالثی سے معاملات کو نمٹانا بھارت کی ثقافت کی روایت رہی ہے۔

**Health Ministry Dengue**

مرکزی صحت سیکریٹری اپوروا چندر نے ڈینگی کے اندیشے والی 9 ریاستوں میں ڈینگی کی روک تھام اور اس پر قابو پانے کے بندوبست کے لیے صحتِ عامہ نظام کی تیاری کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران، صحت سیکریٹری نے کہا کہ ملک میں ڈینگی کے سبب اموات کی شرح میں کمی آئی ہے۔ 1996 میں ڈینگی کی وجہ سے ہونے والی اموات کی شرح 3 اعشاریہ 3 فیصد تھی جو 2023 میں کم ہوکر صفر اعشاریہ ایک سات ہوگئی۔ جناب چندرا نے ڈینگی کی

مؤثر روک تھام اور اس پر کنٹرول کے لیے تمام فریقین کے درمیان تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ سکریٹری موصوف نے ریاستوں اور میونسپلیز کو ڈینگی کی روک تھام کی بروقت روک تھام کے لیے چوکنا رہنے کی صلاح دی گئی ہے۔ انھوں نے ڈینگی کی روک تھام کے اقدامات کے تحت مخدوش علاقوں کی نشاندہی کرنے، پانی جمع نہ ہونے دینے Geo Tagging میں اضافہ کرنے کی بھی صلاح جاری کی ہے۔ میٹنگ میں مکانات اور شہری امور کی وزارت، سمیت 9 ریاستوں دلی، گجرات، کرناٹک، مہاراشٹر، راجستھان، تمل ناڈو، تلنگانہ، اترپردیش اور مغربی بنگال کے سکریٹریوں اور اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

## ECI-Jammu Kashmir Visit

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیوکمار کی قیادت میں انتخابی کمیشن اس مہینے کی 8 تاریخ سے جموں وکشمیر کا تین روزہ دورہ کرے گا۔ یہ کمیشن مرکز کے زیر انتظام اس علاقے میں آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے گا۔اپنے دورے کے دوران کمیشن سری نگر کی سبھی سیاسی پارٹیوں سے ملاقات کرے گا۔ کمیشن تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ انتخابی افسر ریاستی پولیس کے اعلیٰ افسران اور مرکزی فورسیز کے رابطہ کار کے ساتھ میٹنگ کرے گا۔کمیشن، ضلع انتخابی افسران اور سبھی ضلعوں کے پولیس سپرنٹنڈنٹ، چیف سکریٹری اور DGP کے ساتھ بھی تیاریوں کا جائزہ بھی لے گا۔

## Centre ESA Notification

مرکز نے 6 ریاستوں میں واقع مغربی گھاٹوں کے 56ہزار800 سے زیادہ اسکوائر کلو میٹر علاقے کو ماحولیاتی اعتبار سے نہایت حساس علاقے (ESA) قرار دیے جانے کے لیے ایک تازہ مسودہ نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ یہ ریاستیں ہیں: گجرات، مہاراشٹر، گوا، کرناٹک، کیرالہ اور تمل ناڈو۔حکومت نے اس سلسلے میں عوام سے 2 مہینے کے اندر تجاویز اور اعتراضات بھی طلب کئے ہیں۔ لوگ اپنی تجاویز اور اعتراضات کو esz-mef@nic.in پر ای میل کرسکتے ہیں۔ ماحولیات کے لیے حساس علاقہ قرار دیے جانے کے بعد ان علاقوں میں کھدائی، کانکنی اور بنیادی ڈھانچے کے فروغ سے متعلق بڑی اقتصادی سرگرمیوں پر پابندی عائد ہوگی۔

## Bangladesh-Protest

بنگلہ دیش میں کوٹے کے خلاف احتجاج کرنے والوں نے حالیہ ہلاکتوں اور اپنے 9 نکاتی مطالبے پر زور دینے کے لیے کل سے ملک بھر میں عدم تعاون تحریک کا اعلان کیا ہے۔ یہ لوگ آج سے ہی ملک بھر میں احتجاج کا سلسلہ شروع کریں گے۔ بھید بھاؤ کے خلاف طلبا تحریک کے دو رابطہ کاروں نے کل مختلف سوشل میڈیا سائٹس پر اپنے نئے پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ بھید بھاؤ کے خلاف طلبا کی تحریک کے رابطہ کاروں نے ملک کے لوگوں سے بھی کہا ہے کہ وہ سڑکوں، گلیوں اور وارڈس میں منعقد کئے جانے والی عدم تعاون کی تحریک کو کامیاب بنائیں۔تقریباً 2 ہفتے بعد کل ملک بھر کے مختلف مقامات پر پھر سے تشدد پھوٹ پڑا، جس میں 2 افراد کی جان گئی اور کئی لوگ زخمی ہوگئے۔ یہ جھڑپیں احتجاجیوں اور قانون کا نفاذ کرنے والی ایجنسیوں کے اہلکاروں اور ڈھاکہ، سلہٹ، Khulna، چٹگاؤں اور Noakhali میں برسراقتدار عوامی لیگ کے پارٹی ورکروں کے درمیان ہوئی تھیں۔

**US-Military West Asia**

امریکہ نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران مغربی ایشیا میں اپنی فوجی موجودگی کو بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکہ کی جانب سے یہ فیصلہ ایسے وقت میں آیا ہے جبکہ حماس اور حزب اللہ کے لیڈروں پر اسرائیل کے حالیہ حملوں کے بعد حماس اور حزب اللہ نے جوابی کارروائی کی دھمکی دی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکی رہنما مغربی ایشیاء میں تشدد اور کشیدگی بڑھنے کی وجہ سے فکر مند ہیں۔محکمہ دفاع نے کل ایک بیان میں کہا کہ دفاع کے سکریٹری Lioyd Austin نے اضافی Ballistic Missile Defence-Capable Crises اور Destroyers کو یوروپ اور مغربی ایشیاء خطے میں بھیجنے کا حکم دیا ہے، ساتھ ہی وہ یہاں زمین پر مار کرنے والی بیلسٹک میزائل اور دفاعی ہتھیاروں کو بھیجنے کے لیے بھی اقدامات کررہے ہیں۔ پنٹاگن نے کہا ہے کہ وہ مغربی ایشیا میں ایک فائٹر جیٹ اسکواڈرن اور خطے میں ایک ایئر کرافٹ کیریئر کو بھی تعینات کرے گا۔ اس کے علاوہ ایک امریکی افسر نے کہا کہ امریکی بحریہ کے دو Destroyers، جو اِس وقت وسطی ایشیا میں ہیں، جنہیں بحر روم سے بحر احمر میں شمال کی سمت جانے کا حکم دیا گیا ہے۔

**Rev. Paris Olympics**

پیرس اولمپکس کھیلوں میں بھارت کو آج اُس وقت دھچکا لگا ، جب منو بھاکر 25 میٹر خواتین کے پستول مقابلے کے فائنل میں چوتھے نمبر پر رہیں۔ اس طرح وہ تمغے حاصل کرنے میں ہیڈٹرک لگانے میں ناکام رہیں۔ گولف ، مکّے بازی، تیز اندازی اور نشانے بازی وغیرہ میں بھارت کے کھلاڑی اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ مکّے بازی میں مردوں کے 71 کلوگرام کے کوارٹر فائنل میں بھارت کے Nishant Dev کا مقابلہ میکسیکو کے Verde Alvarez سے ہوگا۔ گولف کے تیسرے دور میں Shubhankar شرما اور گگن جیت Bhullar اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ خواتین اور مردوں کی کشتی رانی میں Nethra Kumanan اور وِشنو Saravanan اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔